# Signs and Symptoms animation script

| ENGLISH | Urdu |
|---|---|
| Knowing the symptoms of cancer can help people get diagnosed as soon as possible. And for most cancers, treatment is more likely to be effective if the cancer is found early. | کینسر کی علامات کو جان لینے سے لوگوں کو جلد از جلد تشخیص کرانے میں مدد مل سکتی ہے۔ اور زیادہ تر کینسرز کے معاملے میں، اگر کینسر کا جلدی پتہ چل جائے تو علاج کے زیادہ موثر ہونے کا امکان ہے۔ |
| Different types of cancer have different signs and symptoms. The signs and symptoms can vary from person to person, even if they have the same type of cancer. | کینسر کی مختلف اقسام کی مختلف نشانیاں اور علامات ہوتی ہیں۔ نشانیاں اور علامات ہر ایک فرد کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہیں، چاہے وہ ایک ہی قسم کے کینسر کا شکار ہوں۔ |
| A symptom is a change in how you feel or how your body works. If you have any symptoms, there are 3 important things to think about: | ایک علامت کا مطلب آپ کے محسوس کرنے یا آپ کا جسم کیسے کام کرتا ہے میں تبدیلی آنا ہے۔ اگر آپ کو کوئی علامات لاحق ہیں، تو غور کرنے کے لیے 3 اہم چیزیں ہیں: |
| 1. Is the symptom unusual? – this means a change in your body that's not normal for you. Perhaps a mole on your skin has changed, you have a new lump on your body, or you find blood in your pee or poo. | 1. کیا علامت غیرمعمولی ہے؟ – اس کا مطلب ہے کہ آپ کے جسم میں ایسی تبدیلی جو آپ کے لیے نارمل نہیں ہے۔ شاید آپ کی جلد پر موجود ایک تل یا مسہ بدل گیا ہے، آپ کے جسم پر ایک نیا ابھار یا گانٹھ نکل آئی ہے، یا آپ کو اپنے پیشاب یا پاخانے میں خون دکھائی دیتا ہے۔ |
| 2. Is the symptom ongoing? – this means a symptom that lasts for more than a few weeks, such as a cough. Or it might be a symptom that keeps coming back, like watery poo. | 2. کیا علامت جاری رہتی ہے؟ – اس کا مطلب ہے ایک ایسی علامت جو چند ہفتوں سے زیادہ وقت تک برقرار رہتی ہے، جیسا کہ کھانسی۔ یا یہ ایسی علامت ہو سکتی ہے جو بار بار ہوتی رہتی ہے، جیسے پانی جیسا پاخانہ۔ |
| 3. Is the symptom unexplained? - this is a symptom that has no obvious or clear cause. For example, you may find you get very tired for no reason. Or are losing a lot of weight even though you aren't trying to. | 3. کیا علامت غیر واضح ہے؟ – یہ ایک ایسی علامت ہے جس کی کوئی واضح یا صاف وجہ نہیں ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کو بغیر کسی وجہ کے بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس ہو سکتی ہے۔ یا آپ بہت زیادہ وزن کھو رہے ہیں حالانکہ آپ اس کی کوشش نہیں کر رہے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| It can sometimes be hard to book an appointment with your local doctor, or GP. You may need to call them more than once, but keep trying until you get one. You can say you're worried the symptoms might be cancer and can also ask for a longer appointment if you feel you need it. | بعض اوقات اپنے مقامی ڈاکٹر، یا جی پی کے پاس ملاقات کا وقت بُک کرانا مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کو انہیں ایک سے زیادہ بار کال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، لیکن جب تک آپ کی بات نہ ہو جائے کوشش کرنا جاری رکھیں۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ آپ فکرمند ہیں کہ کیا یہ کینسر کی علامات ہو سکتی ہیں اور اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو طویل ملاقات کی ضرورت ہے تو آپ اس کا بھی کہہ سکتے ہیں۔ |
| When you make your appointment, tell the receptionist if you have any extra needs, such as an interpreter. If you prefer, you can ask for a male or a female GP, but it might not always be possible. | جب آپ اپائنٹمنٹ کراتے ہیں، استقبالیہ پر بتائیں کہ کیا آپ کو کوئی اضافی ضرورت ہے، جیسا کہ ترجمان۔ اگر آپ چاہیں تو، آپ مرد یا خاتون جی پی سے پوچھ سکتے/سکتی ہیں، لیکن ہمیشہ ایسا ممکن نہیں ہو سکتا ہے۔ |
| It's important to get the symptoms checked even if you find it embarrassing. Your GP is there to help you. If you want to, it's fine to take another person with you for support. | علامات کی جانچ کرانا ضروری ہے چاہے آپ کو یہ ایسا کرانا شرمناک محسوس ہو۔ آپ کا جی پی آپ کی مدد کے لیے موجود ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں، تو مدد کے لیے کسی دوسرے فرد کو اپنے ساتھ لے جانے میں کوئی حرج نہیں۔ |
| You're not wasting your GP's time by getting your symptoms checked, even if you have to go back a second time. If you want a second opinion from a GP, you can ask to see a different one. | آپ اپنی علامات کی جانچ کروا کر اپنے جی پی کا وقت ضائع نہیں کر رہے ہیں، چاہے آپ کو دوسری بار پھر واپس جانا پڑے۔ اگر آپ کسی جی پی سے دوسری رائے چاہتے ہیں، تو آپ ایک مختلف کو بھی معائنہ کا کہہ سکتے ہیں۔ |
| Most symptoms can be caused by things that are not cancer. But if you have any symptoms that are new or unusual for you, you should see your GP as soon as possible. If you are still worried after seeing your GP, you can ask for another appointment. | زیادہ تر علامات ایسی چیزوں کی وجہ سے ہو سکتی ہیں جو کینسر نہیں ہیں۔ لیکن اگر آپ کو کوئی ایسی علامات لاحق ہیں جو آپ کے لیے نئی یا غیر معمولی ہیں، تو آپ کو جلد از جلد اپنے جی پی سے ملنا چاہیے۔ اگر آپ اپنے جی پی کو دیکھنے کے بعد بھی فکرمندی کا شکار ہیں، تو آپ دوسری ملاقات کا کہہ سکتے ہیں۔ |
| Remember, if you have any symptoms that are unusual, ongoing or unexplained, talk to your GP. | یاد رکھیں، اگر آپ کو کوئی ایسی علامات لاحق ہیں جو غیر معمولی، جاری یا غیر واضح ہیں، تو اپنے جی پی سے بات کریں۔ |

| | |
|---|---|
| At Macmillan we do whatever it takes to | Macmillan میں ہم کینسر کے شکار لوگوں کی مدد |

| | |
|---|---|
| support people living with cancer. Ask us if you need any information in your language or in a different format. | کے لیے جو کچھ بھی ہو سکتا ہے وہ سب کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی زبان میں یا کسی دوسرے فارمیٹ میں کوئی معلومات درکار ہے تو ہم سے دریافت کریں۔ |
| For information, support or just someone to talk to, call 0808 808 0000 or visit macmillan.org.uk | معلومات، معاونت یا کسی سے صرف بات کرنے کے لیے، 0808 808 0000 پر کال کریں یا macmillan.org.uk پر جائیں |

Please also translate these words that appear on-screen:

| | |
|---|---|
| Unusual | غیر معمولی |
| Ongoing | جاری |
| Unexplained | غیر واضح |
| Doctor | ڈاکٹر |
| You are 4th in the queue | قطار میں آپ کا نمبر 4 ہے |